# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/ITD/02 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ** (Workplace) | صوبہ | **شعبہ** (Department) | انٹر نیشنل ٹریول |
| **منصب** (Designation) | صوبائی ذمہ دار | **جوابدہ** (Report to) | نگران مجلس |
| **کام** (Function) | دعوت اسلامی کا دینی پیغام دنیا بھر میں عام کرنے کیلئے عاشقان رسول کو بیرون ملک سفر کروانا۔ | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | - |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت (Help) و معلومات فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا۔
4. دعوت اسلامی کا دینی پیغام دنیا بھر میں عام کرنے کیلئے عاشقاں رسول کو بیرون ملک سفر کیلئے تیار کرنا۔
5. طے شدہ شرائط پر پورا اترنے والے اسلامی بھائیوں اور عالمی مجلس مشاورت کے ذریعے منتخب ہونے والی اسلامی بہنوں کے سفر سے متعلق جملہ معاملات مکمل کروانا۔
6. ڈیمانڈ کے مطابق مبلغ/امام/مدرس وغیرہ کے انٹرویو کرنا/کروانا اور کامیاب ہونے والے افراد سے طے شدہ تحریری اجازت نامے وصول کرنا۔
7. بیرون ملک سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں کا ابتدائی پراسس مع ڈاکومنٹس مکمل کرنا اور روانگی سے قبل تبادلے/کلوزنگ وغیرہ کے معاملات کو حل کروانے میں ذمہ دار کی معاونت کرنا۔
8. بیرون ملک سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں کی متعلقہ ملک کے مطابق جملہ معاملات پر رہنمائی کرنا۔
9. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا۔
10. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا اور کے پی آئیز سمجھنا نیز تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
11. شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز (Suggestions) کو حل کرنا/کروانا۔
12. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا اور اپنے متعلقہ تمام طے شدہ کارکردگیاں درست اور بروقت متعلقہ نگران کو پیش کرنا۔
13. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت (Timely) مکمل کرنا۔
14. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** گریجویشن • متعلقہ ڈیپارٹمنٹ میں کم از کم 3 سال کا عملی تجربہ **نوٹ:** درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی۔
- Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Rapport-building
- **اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔**

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے مواقع پر دیئے گئے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃالمدینہ، مدرسۃالمدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃالمدینہ، مدرسۃالمدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت اور فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃالمدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃالعلمیہ کی تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔